4924- سجدہ تلاوت کا حکم کیا ہے ؟

سوال

سجدہ تلاوت کا کیا حکم ہے ، اوراگر نمازی نہ ہوبلکہ تلاوت کررہاہو توکیا اس سے سلام پھیرا جائے گا یا نہیں ، اور سجدہ تلاوت کی دعا کیا ہے ، اوراگر آدمی نمازادا کررہاہواور سورۃ کے آخرمیں سجدہ تلاوت آجائے توکیا سجدہ تلاوت کے بعد بعدوالی سورۃ سے بھی کچھ آیات پڑھنا ہونگی یا کہ سجدہ کے فورا بعد رکوع کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

سجدہ تلاوت سنت ہے ، اوراس سے سلام پھیرنے کی کوئی دلیل نہیں ملتی، لہذا سجدہ تلاوت کرنے والے کے لیے سلام نہیں ہے ، اورجس نے بھی سجدہ تلاوت کیا مثلا : سورۃ الاعراف ، سورۃ النجم ، اوراقرا کے آخرمیں اوروہ نمازادا کررہاہو توسجدہ تلاوت کے بعداس کے لیے ضروری نہیں کہ وہ سجدہ کے بعد اوررکوع کرنے سے قبل تلاوت ضرور کرے ، لیکن اگرپڑھ لے توکوئی حرج نہیں ، اور سجدہ تلاوت میں نماز کے سجدہ والی دعا ہی پڑھے گا ۔